RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ صفر سنہ ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۲ اگست سنہ ۱۸۹۵ع | جلد

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم	
۱	ممانعت بابت دینے عرائض ملازمین سررشتہ بلا تصدیق و وساطت افسر صیغہ	۱ و ۲
	حکم اجلاس کامل	
۲	بخشش عنایت الحق خان سوار	۲
	روبکارات صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۳	ممانعت بابت لینے ٹھیکہ دیہات ملازمان فوج کو	۲
۴	جرمانہ پچاس روپیہ بر گماشتہ نام ٹھیکہ دار	۲ و ۳
	روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۵	بابت راضی نامہ بجرم ضرر رسانی مشروط بہ اجازت عدالت	۳
۶ و ۷	نقشہ بارش و نقشہ حیات و ممات و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳۰ جولائی سنہ ۱۸۹۵ع

مصدرۂ عرضی دیبی چودھری متعینہ باغ چمن گورکہان دربارۂ تبدیلی خود بہ چمن پچھی بھون —

صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کے اجلاس میں بھیجکر لکہا جاے کہ یہ عرضی صندوق عرائض سے برآمد ہوی کسی افسر صیغہ کے توسل سے نہیں دیگئی صاحب ممدوح اسکا انسداد فرماوینگے کہ بے ضابطہ ملازمین کے

عرائض ایسی خودسری کے ساتھ نہ آوین تاوقتیکہ افسر صیغہ سے تصدیق نکرا لیا جاوے۔

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب منشاء حکم حضور پر نور دام اقبالہم صادرہ ۳۰ر جولائی ۱۸۹۵ء کوئی عرضی کسی ملازم سررشتہ کی اجلاس حضور عالی مین بلا تصدیق و وساطت افسر صیغہ کے پیش ہونا چاہیے۔ نقل حکم حضور عالی مع نقل حکم ہذا برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ ۴ر اگست ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل کونسل واقع ۲۳ر جولائی ۱۸۹۵ء

آج مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن عنایت الحق خان ولد عبد الحمید خان سوار رسالہ اول تعدادی مبلغ ڈہائی روپیہ ماہانہ یوم علیحدگی خدمت سے منظور ہے۔ مثل بنابر اجرائے احکام باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون بخشی فوج و اہلمد پنشن داران کو اطلاع دیجاوے۔ ۲۹ر جولائی ۱۸۹۵ء

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۶ر اگست ۱۸۹۵ء

سابق دربارۂ ممانعت ٹھیکہ دیہات نسبت ملازمان صیغہ مال مثل تحصیلداران وغیرہ بحکم جاری ہوگیا ہے۔ اب معلوم ہوا کہ ملازمان فوج کے پاس بھی دیہات ہین اونکی باقی کے وصول مین دقت ہوتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

آیندہ سے ٹھیکہ دیہات کا ملازمان فوج کو نہ دیا جاوے اور اگر کوئی ملازم فوج ایسا کریگا تو بہنگام اطلاع بضبطی امانت ضمانت و جائداد مستغرقہ ٹھیکہ قانون کا فسخ کر دیا جائیگا افسٹنٹ صیغہ صدر و طباقی نویس و نائب سررشتہ دار صدر اور تحصیلداران کو اس حکم سے اطلاع دیجاوے اور ایک نقل روبکار کی مطبع کو واسطے طبع گزٹ کے بہیجی جاوے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۷ر اگست ۱۸۹۵ء

مثل مرتبہ مہتمم آبکاری ملاحظہ ہوئی تحقیقات کامل طور سے کی گئی چونکہ گہاسی رام ٹھیکہ دار نے دانستہ عدول حکمی کی اور اس سے قبل اور بہی ٹھیکہ دار ایسے جرم کے مرتکب ہوچکے ہین مگر چونکہ اونہون نے اپنے جرم کی سزا نہین پائی اسوجہ سے اور ٹھیکہ داران کی جرات بڑہی گو اس ریاست مین ایسے ارتکاب جرم کے عوض مین سزا کا کوئی قاعدہ معین نہین ہے جسکے بموجب سزا قرار واقعی دیجاتی لیکن سوائے اجرائے روبکار صاحب پولیٹکل افسر بہادر کے محکمہ سے ایک جدید قاعدہ مقرر ہوا ہے نظر بران میرے نزدیک مناسب ہے کہ بالفعل گہاسی رام ٹھیکہ دار کو سزا جرمانہ دیجاوے لہذا مین حکم دیتا ہون کہ گہاسی رام ٹھیکہ دار سے مبلغ پچاس روپیہ جرمانہ

بوجہ عدم تعمیل حکمی وصول کیے جاوین اور اطلاع اس کارروائی اور تجویز کی بذریعہ تحریر جواب ڈاکٹ صاحب پولیٹکل افسر بہادر نمبری $\frac{1091}{۳۹۵}$ مورخہ ۲۹ جولائی ۱۸۹۵ء جو کیجاوے بابو چھدا لال ریونیو کلرک کو اطلاع دیجاوے اور نقل حکم ہذا واسطے اندراج گزٹ کے مطبع کو بھیجی جاوے —

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۳۰ جولائی ۱۸۹۵ء

جو کہ یہان پر جرم بالعمد ضرر پہونچانے اور بالعمد ضرر شدید پہونچانے اور ایسے فعل سے ضرر پہونچانیکا جس سے جان انسان کو خطرہ ہو اور ایسے فعل سے ضرر شدید پہونچانیکا جس سے جان انسان کو خطرہ ہو جنکی سزائین مجموعہ تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۲۳ و ۳۲۵ و ۳۳۷ و ۳۳۸ مین مقرر ہین کثیر الوقوع ہین اور یہ جرائم منجملہ ان جرائم کے ہین جو قابل راضی نامہ مشروط باجازت عدالت تجویز ہوے ہین یعنی جنمین بموجب دفعہ ۳۴۵ ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۸۲ء باجازت اوس عدالت کے جسکے روبرو کسی جرم متذکرہ بالا کے نالش دائر ہو اوس شخص کیطرف سے راضی نامہ ہو سکتا ہے جسکو ضرر پہونچایا گیا ہو اجازت عدالت کی قید اور شرط ان جرائم مین اس وجہ سے تجویز ہوئی ہے کہ صاحبان مجسٹریٹ کو قبل از منظوری راضی نامہ صورت وارتکاب جرم و نوعیت پر لحاظ کر لینا ضرور ہے اور بہانہ خاصکر چاقو چلانے کے مقدمات مین کہ جسکے لیے ایک خاص قانون مختص الانتظام نافذ کیا گیا ہے صورت و قسم ارتکاب و نوعیت جرم پر غور کرنا یہ وہ امر ہے جو صاحبان مجسٹریٹ کے اختیارات تمیزی پر منحصر ہے لہذا مناسب و ضرور ہے کہ صاحبان مجسٹریٹ اپنے اس اختیار کو بہت احتیاط سے عمل مین لاوین —

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا کی بغرض تعمیل و اطلاع عام بحکام عدالت ہای فوجداری درج گزٹ و ایک نقل شریک فائل بک کیجاوے — اور مثل داخل دفتر ہو

[illegible]

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۴ لغایت ۱۱ اگست ۱۸۹۵ عیسوی

تاریخ و روز	صدر: تعداد	صدر: میزان	تحصیل بلاسپور: تعداد	تحصیل بلاسپور: میزان	تحصیل سوار: تعداد	تحصیل سوار: میزان	تحصیل شاہ آباد: تعداد	تحصیل شاہ آباد: میزان	تحصیل ملک: تعداد	تحصیل ملک: میزان	ٹانڈہ: تعداد	ٹانڈہ: میزان
[illegible]	۱	۱۹۱	.	۱۶۱	.	۱۶۰	۱۳	۲۵۱	.	۱۹۰	.	۳۱۱
۵ اگست روز دوشنبہ	.	۲۱۱	.	۱۶۲	۹	۲۰۶	.	۲۵۳	۱۸	۲۰۸	.	۳۱۱
۶ اگست روز سہ شنبہ	۳	۲۱۴	۲۳	۱۸۵	۱۴	۲۲۰	۲۱	۲۷۴	.	۲۰۸	۷	۳۱۸
۷ اگست روز چہار شنبہ	.	۲۱۴	.	۱۸۵	.	۲۲۰	۲	۲۷۶	.	۲۰۸	۱	۳۱۹
۸ اگست روز پنجشنبہ	.	۲۱۴	.	۱۸۵	.	۲۲۰	.	۲۷۶	.	۲۰۸	.	نقشہ نہیں آیا
۹ اگست روز جمعہ	.	۲۱۴	.	۱۸۵	.	۲۲۰	۴	۲۸۰	.	۲۰۸	.	//
۱۰ اگست روز شنبہ	.	۲۱۴	.	۱۸۵	نقشہ نہیں آیا			۲۸۰		۲۰۸	.	//
۱۱ اگست روز یکشنبہ	.	۲۱۴	نقشہ نہیں آیا		.	//		۲۸۰		۲۰۸	.	//

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۵ لغایت ۱۱ اگست ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل قوم		تفصیل فوتی: [illegible]		[illegible]		[illegible]		میزان		تفصیل قوم		تفصیل امراض					کیفیت
شہر رامپور	۱۳	.	۶	.	۲۱	۲۰	.	۲	۵	.	۱	۷	۷	۹	۱۵	۲۱	۳	۱		۳۳	.	۳۳	.
حوالی شہر	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ نہیں آیا
عظیم نگر	۴	۶	۲	۲	۱۴	۶	۱۰	۳	۱	۳	۵	.	.	۵	۶	۸	۳	.		.	۱۱	۱۱	.
شاہ آباد	۲	۱۳	۲	۲۱	۴۴	۱۰	۳۴	۶	۱	.	.	۴	۸	۱۰	۹	۳	۱۶	.	.	۱۹	.	۱۹	.
بھوانی	.	۴	.	۴	۱۱	.	۱۱	۱	۱	.	۲	۴	۲	۵	۵	۱	۹	.	.	۴	۶	۱۰	.
ملک	۷	۲۵	۳	۲۷	۶۲	۱۰	۵۲	۱۳	۳	.	۳	۷	۴	۲۰	۱۰	۹	۲۱	.	.	.	۳۰	۳۰	.
بلاسپور	۴	۶	۳	۵	۱۸	۸	۱۱	[illegible]	[illegible]	۲	۵	۷	۳	۱۱	۱۱	۱۰	۱۲	.	.	۲۲	.	۲۲	.
کیمری	۲	۹	۴	۱۰	۲۶	۸	۱۹	۶	۲	.	.	۱۳	۸	۱۶	۱۰	۱۰	۹	.	.	۲۹	.	۲۹	.
سوار	۸	۹	[illegible]	۵	۳۳	۱۶	۱۴	۹	۲	.	۳	۱۳	۱۲	۱۲	۲۱	۳۰	۲۹	۳	.	-	۵۹	۶۲	.
[illegible]	۲	.	۳	.	۵	۵	.	.	.	.	.	.	۳	.	۳	۳	.	-	.	۳	.	۳	.
ٹانڈہ	۴	۵	۶	۲	۱۷	۱۰	۷	۳	۲	.	۲	۲	۴	۵	۸	۷	۲	.	.	۱	۱۲	۱۳	.
میزان	۵۳	۸۰	۳۱	۴۸	۲۵۳	۹۵	۱۵۸	۴۴	۳۴	۱۶	۲۱	۴۵	۵۳	۱۲۴	۹۸	۱۰۵	۱۱۸	۴	.	۱۹۱	۱۱۸	۳۳۳	.

مطبوعہ ۱۲ اگست ۱۸۹۵ء جلد

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۵ لغایت ۱۱ اگست ۱۸۹۵ء

پرگنہ	حضور تحصیل	[illegible]	[illegible]	سوار	[illegible]	[illegible]	کیفیت
گندم	۱۴ا۱ر	۱۳ا۱ر	۱۴ا۱ر	۱۵ا۱ر	۱۳ا۱ر	۱۴ا۱ر	.
نخود خالص	۱۶ا۱ر	۱۷ا۱ر	۷ا۱ر	۱۶ا۱ر	۱۸ا۱ر	۱۶ا۱ر	.
نخود کسہ آمیز	۱۸ا۱ر	۱۸ا۱ر	۱۹ا۱ر	.	۲۱ا۱ر	۱۹ا۱ر	.
[illegible]	۱۹ا۱ر	.	۲۰ا۱ر	۱۹ا۱ر	.	.	.
ماش	۸ا۱ر	۸ا۱ر	۸ا۱ر	۷ا۱ر	۶ا۱ر	۷ا۱ر	.
مونگ	۱۲ا۱ر	۱۱ا۱ر	۱۰ا۱ر	۱۲ا۱ر	.	۱۲ا۱ر	.
مکا	.	.	.	.	.	.	.
جنی	۲۶ا۱ر	.	۲۵ا۱ر	.	۲۵ا۱ر	۱۵ا۱ر	.
گوجئی	۲۰ا۱ر	۱۹ا۱ر	۲۰ا۱ر	۲۳ا۱ر	۲۰ا۱ر	۱۶ا۱ر	.
عدس	.	۱۶ا۱ر	۲۰ا۱ر	۱۲ا۱ر	۱۷ا۱ر	۲۰ا۱ر	.
ارہر	۱۹ا۱ر	۲۰ا۱ر	۲۰ا۱ر	.	.	.	.
برنج	۱۰ا۱ر	۹ا۱ر	۹ا۱ر	۱۰ا۱ر	۱۰ا۱ر	۹ا۱ر	.
روغن زرد	۱۱۱ر	۱ا۱ر	۱۱۱ر	۱ا۱ر	۱۱۱ر	۱۱۱ر	.
روغن سیاہ	.	۲ا۱ر	۲ا۱ر	۲ا۱ر	۲ا۱ر	۲ا۱ر	.
روغن کنجد	۳ا۱ر	۲ا۱ر	۲ا۱ر	.	.	۲ا۱ر	.
نمک سانبھر	۷ا۱ر	۸ا۱ر	۹ا۱ر	۷ا۱ر	۸ا۱ر	۹ا۱ر	.
نمک لاہوری	.	۶ا۱ر	۶ا۱ر	۵ا۱ر	.	۶ا۱ر	.
قند سیاہ	۶ا۱ر	۶ا۱ر	۶ا۱ر	.	۶ا۱ر	۶ا۱ر	.

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور